ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

RBI/2015-16/366

FIDD.Co.Plan.BC.23/04-09-01/2015-16

۷/اپریل ۲۰۱۶ء

چیئرمین/ منیجنگ ڈائرکٹر

چیف ایگزیکیٹیو افسر (بشمول علاقائی دیہی بینک سمیت تمام فہرست شدہ کمرشیل بینک )

اربن کوآپریٹیو بینک/لوکل ایریا بینک

جناب عالی!

## ترجیحی بینک سیکٹر لینڈنگ سرٹیفیکیٹ

برائے مہربانی ترجیحی سیکٹر لینڈنگ، ترجیحی سیکٹر لینڈنگ سرٹیفیکیٹ کے تعارف کے سلسلہ میں اھداف اور درجہ بندی پر سرکلر Circular FIDDCo.Plan.BC 54/04.09.01/2014-15، بتاریخ ۲۳/اپریل ۲۰۱۵ء کا حوالہ لیں۔

۲۔ گورنمنٹ آف انڈیا کی نوٹس مورخہ ۴/فروری ۲۰۱۶ء میں ترجیحی سیکٹر لینڈنگ سرٹیفیکیٹ (PSLCS) میں ریزرو بینک آف انڈیا کی جاری کردہ گائڈ لائنس کے مطابق ٹریڈنگ کی صراحت بینکنگ ریگولیشن ایکٹ ۱۹۴۹ کی دفعہ ۶(۱)(۵) کے تحت تجارتی شکل کی حیثیت سے کی گئی ہے۔ (PSLCS) میں تجارتی ہدایات اسی لحاظ سے منسلک کی گئی ہیں۔ (PSLCS) میں تجارت (ٹریڈنگ) کو آسان بنانے کے لئے سی بی ایس پورٹل (e.Kuber) کے توسط سے ایک ٹریڈنگ پلیٹ فارم فراہم کیا جارہا ہے۔ ٹریڈنگ کا تفصیلی مینول/ ہدایات سی بی ایس پورٹل کے توسط سے اسی پلیٹ فارم پر دستیاب ہوں گی۔

مخلص

اے، ادگاتا

پرنسپل چیف جنرل منیجر

فائینینشیل انکلوزن اینڈ ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ، سینٹرل آفس ۱۵ویں منزل سینٹرل آفس بلڈنگ، شہید بھگت سنگھ مارگ، پوسٹ باکس نمبر ۱۰۰۱۴ ممبئی ۴۰۰۰۰۱

فون ۲۲۲۲۶۰۱۰۰۰۰ فیکس ۹۱-۲۲-۲۲۶۲۱۰۱۱ ای میل cgmincfidd@rbi.org.in

انیکزر

# ترجیحی سیکٹر لینڈنگ سرٹیفکیٹ ۔اسکیم

۱۔ مقصد: بینک کوقلت یا کمی پائے جانے پران دستاویز کی خرید کے ذریعہ ترجیحی سیکٹر لینڈنگ ہدف اور ذیلی اہداف کے حاصل کرنے کے قابل بنانا اور یہ کہ دیگر بینکوں کی اس باب کے لئے تشجیع بھی کرنا کہ وہ ترجیحی سیکٹر کے تحت مختلف زمروں میں لینڈنگ (قرض دہی) کو بڑھاوا دیں۔

۲۔ دستاویز کی نوعیت: سیلر ترجیحی سیکٹر فریضہ کے ساتھ تعمیل کے ساتھ فروخت کرتا ہے اور خریدار اسی تعمیل کو خریدتا ہے جس میں خطرات یا قرض اثاثوں کی تحویل کا کوئی جھگڑا ہی نہیں ہے۔

۳۔ طریقہ کار: طریقہ کار میں ہم آہنگی پی ایس ایل سی ایس کی ٹریڈنگ آر بی آئی کے سی بی ایس پورٹل (e-kuber) کے ذریعہ کی جائے گی۔ٹریڈ کی انجام دہی کی تفصیلی عملی ہدایات (e-kuber) کے ذریعہ کے جائے گی۔ٹریڈ کی انجام دہی کی تفصیلی عملی ہدایات (e-kuber) کے توسط سے دستیاب ہیں۔

۴۔ سیلر/ بائر (فروخت کنندہ وخریدار) شیڈولڈ کمرشیل بینک (ایل سی بی ایس) ریجنل رورل بینک (آرآر بی ایس) لوکل ایریا بینک) اسمال فائنس بینک (جب وہ زیرعمل ہوں) اور وہ اربن کوآپریٹیو بینک جنھوں نے بینک کے ذریعہ جاری کردہ اصول وضوابط کے مطابق پی ایس ایل استحقاقی قرضوں کی شروعات کی ہو۔

۵۔ پی ایس ایل سی ایس کی اقسام: پی ایس ایل سی ایس کی چار قسمیں ہیں:

۱۔ مکمل زراعی پی ایس ایل سی ایس جس میں مکمل زراعی قرض دہی ہدف کا حصول مقصود ہو۔

۲۔ پی ایس ایل سی ایس ایس ایف/ ایم ایف جس میں چھوٹے اور متوسط کسانوں قرض دینے کیلئے ذیلی اہداف کا حصول مقصود ہو۔

۳۔ پی ایس ایل سی ایس مائیکروانٹر پرائزیز: جس میں مائیکروانٹر پرائزیز کو قرض دینے کا ذیلی ہدف کا حصول مقصود ہو۔

۴۔ پی ایس ایل سی ایس جنرل: جس میں مجموعی ترجیحی سیکٹر ہدف کا حصول مقصود ہو جیسا کہ ترجیحی سیکٹر لینڈنگ، اہداف اور درجہ بندی مورخہ یکم جولائی ۲۰۱۵ کے سلسلہ میں جاری کردہ ماسٹر سرکلر FIDD.CO.Plan.BC.4/04.09.01/2015-16 میں مذکور ہے اس لئے ترجیحی سیکٹر سے زراعت اور مائیکروانٹر پرئیزیز سمیت کئی کٹیگریوں (زمروں) کا احاطہ ہوتا ہے۔زراعتی اور مائیکروانٹر پرائزیز کو قرض دہی کے مجموعی یدف اور زمرہ جاتی اہداف کے علاوہ بینکوں کو اس بات کی ضرورت ہے کہ وہ چھوٹے اور متوسط درجہ کے کسانوں کو قرضہ دہی کے لئے مبینہ ذیل ہدف حاصل کرے۔اسی لحاظ سے پی ایس ایل اہداف کی کامیابی/ ناکامی کی تعین میں تجزیاتی معاملات سے بچنے کے لئے اس بات کا مشورہ دیا جاتا ہے کہ مذکورہ چاروں قسم کے سارٹیفکیٹ مخصوص قرضوں کی نمائندگی کریں اور مخصوص قسم کے ذیلی اہداف/ اہداف کے معتبر ہوں گے جیسے کہ مندرجہ خاکہ سے ظاہر ہے۔

| نمبر شمار | پی ایس ایل سی ایس کی قسم | نمائندگی | بحساب |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | پی ایس ایل سی ایگریکلچر | سبھی استحقاقی زراعتی قرضے سوائے SF/MF کے قرضوں کے جن کے لئے علاحدہ سرٹیفکیٹ دستیاب ہیں۔ | زراعتی ھدف پی ایس ایل کے مجموعی ہدف کا حصول |
| ۲۔ | PSLC-SF/MF | چھوٹے اور متوسط درجہ کے کسانوں کو دئے جانے والے سبھی استحقاقی قرضے | ایس ایف/ایم ایف ذیل ہدف، زراعتی ہدف اور پی ایس ایل کے مجموعی ہدف کی کامیابی |
| ۳۔ | PSLC مائیکرو انٹرپرائزیز | مائیکرو انٹرپرائزیز کو دیئے جانے والے سبھی پی ایس ایل قرضے | مائیکرو انٹرپرائزیز ذیل ھدف اور مجموعی پی ایس ایل ہدف کی کامیابی |
| ۴۔ | PSLC جنرل | باقیماندہ ترجیحی سیکٹر قرضے یعنی زراعتی اور مائیکرو انٹرپرائزیز کے علاوہ دیگر قرضے جن کے لئے علاحدہ سارٹیفکیٹ دستیاب ہیں | مجموعی پی ایس ایل ہدف کی میابی |

اس طرح کسی بھی ذیلی ہدف (مثل PSLC-SF-MF) کی ناقص انجام دہی والے کسی بھی بینک کو ہدف میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے نمایاں PSLC سارٹیفکیٹ خریدنا ہوگا۔ بہرحال اگر مجموعی مطلوبہ ہدف کے حاصل کرنے میں کسی بینک کی کارکردگی ناقص رہتی ہے تو وہ دستیاب PSLC میں کوئی بھی خرید سکتا ہے۔

۶۔ پی ایس ایل کردگی کا تخمینہ: بینک کی پی ایس ایل کارکردگی کا حساب کتاب نمایاں ترجیحی سیکٹر کے مجموعے اور جاری کئے جانے والے اور خریدے جانے والے پی ایس ایل سی ایس کی خالص۔۔۔۔ قیمت سے لگایا جاتا ہے۔ ایسا اندازہ اس وقت لگایا جائے گا جب حسب ذیلی اہداف کی تعیین رپورٹنگ ڈیٹ پر ہو۔

۷۔ اجراء کے لئے استحقاقی رقم: عام طور پر پی ایس ایل سی ایس نشان زد اثاثوں کے مقابلہ جاری کئے جائیں گے بہرحال پی ایس ایل سی ایس کے لئے مضبوط اور مستحکم بازار کے نشوونما وارتقا کے لئے کسی بھی بینک کو اپنے رجسٹروں میں بغیر کسی نشان زد پی ایس ایل کے بغیر سابقہ سال کے مقابلہ ۵۰ فیصد پی ایس ایل تک اجراء کی اجازت ہے۔ بہرحال رپورٹنگ ڈیٹ کو اس بینک کے لئے ضروری ہوگا کہ وہ نمایاں ترجیحی سیکٹر لینڈنگ پورٹ فولیو اور جاری کردہ اور خریدے جانے والے خالص پی ایس ایل سی ایس کی رقم کے توسط ترجی سیکٹر ہدف حاصل کر چکا ہو۔ ہدف کارکردگی میں نقص اور خامی کی صورت میں بینک کو اس بات کی ضرورت پڑسکتی ہے کہ وہ آر آئی ڈی ایف اب تک کے دیگر فنڈ میں سرمایہ کاری کرے۔

۸۔ کریڈٹ رسک: نشان زعد پر کریڈٹ رسک کی تحویل نہیں ہوگی کیونکہ کسی قابل لمس اثاثوں یا کیش فلو کی تحویل نہیں ہوتی ہے۔

۹۔ آخری تاریخ: تمام پی ایس ایل سی ایس کی آخری تاریخ ۳۱ر مارچ ہوگی اور اس تاریخ ۳۱ر مارچ کے بعد قابل عمل اور درست نہیں ہوں گے۔ تاریخ سے قطع نظر اس کو سب سے پہلے بیچ دیا جائے۔

۱۰۔ سٹیلمنٹ (تصفیہ) فنڈوں کے تصفیہ اس پلیٹ فارم کے توسط سے ہوگا جس کی صراحت e-kuber Portal میں کی گئی ہے۔

۱۱۔ قیمت اور فیس: پی ایس ایل سی ایس کی علامتی قیمت اس پی ایس ایل کے مساوی ہوگی جس کو فروخت کنندہ کے پی ایس ایل سے وضع کیا جائے

اور خریدار کے PSL Portfolio میں جوڑ دیا جائے۔ خریدار فروخت کنندہ کو وہ فیس ادا کرے گا جس کی تعیین بازار سے ہوگی۔

۱۲۔ لاٹ سائز پی ایس ایل سی ایس کا لاٹ سائز ۲۵ لاکھ یا اس کے ملٹی پل روپیوں پر مشتمل ہوگا۔

۱۳۔ اکاؤنٹنگ: پی ایس ایل سی ایس کی خرید فیس کو خرچ کے طور پر سمجھا جائے گا اور پی ایس ایل سی ایس کی فروخت سے حاصل ہونے والی فیس کو متفرق آمدنی سمجھا جائے گا۔

۱۴۔ ڈسکلوز: سیلر اور بایر (فروخت کنندہ اور خریدار) دونوں ۶ سال کے دوران فروخت شدہ اور خرید شدہ پی ایس ایل سی ایس (کیٹیگری وار) کی رقم کی اطلاع بیلینس شیٹ کے ڈسکلوزر میں دیں گے۔

وضاحت:

۱ ۔ بینک (الف) ۱۰۰ کروڑ کے علامتی قیمت والے پی ایس ایل سی ایس ۱۵/جولائی ۲۰۱۶ کو بینک (ب) کو بیچ سکتا ہے۔ بینک (ب) ۱۰۰ کروڑ روپئے کو ۳۰/ستمبر ۲۰۱۶، ۳۱/دسمبر ۲۰۱۶ اور ۳۱/مارچ ۲۰۱۷ کی رپورٹنگ تاریخوں میں اپنی ترجیحی سیکٹر کارکردگی کے طور پر سمجھے گا جب کہ بینک (الف) ان ترتیب وار رپورٹنگ تاریخوں تک اپنی کارکردگی اعداد و شمار سے وہی رقم نکال سکتا ہے پی ایس ایل سی ایس ۳۱/مارچ ۲۰۱۷ء کو ختم ہو جائیں گے۔

۲۔ بینک (ج) ۳۰/مارچ ۲۰۱۷ کو بینک (د) سے ۱۰۰ کروڑ پی ایس ایل سی ایس خرید سکتا ہے۔ بینک (د) ۳۱/مارچ ۲۰۱۷ء ہو جائیں گے۔